دی سٹی اسکول

نارتھ ناظم آباد بوائز کیمپس

اردو ورک شیٹ

معلّمہ:حمیرا کامران/ فرح　　　　جماعت ہشتم　　　　تاریخ: ۳ نومبر ۲۰۱۶

تفہیم

ایران کے ایک شہر بردع کے جنگل میں ایک درخت تھا، جو اس جنگل کے تمام درختوں سے بڑا، گھنا اور تناور تھا۔ اس درخت کے نیچے ایک چوہے کا سوراخ تھا۔ چوہا غضب کا عیّار، حریص، زیرک اور ذہین تھا۔ مشکل سے مشکل گتھی کو چند لمحے میں سُلجھا لیتا اور حیلہ جوئی اور مکاری میں تو اس کی کوئی مثال ہی نہ تھی۔ ہر وقت منصوبے بناتا رہتا۔ اس درخت کے آس پاس ایک بلی بھی رہتی تھی۔ وہاں شکاریوں کی بڑی آمدورفت تھی جو اکثر وہاں جال لگا دیتے تھے۔ یک دن ایک شکاری نے اس درخت کے نزدیک ہی پھندا لگایا اور اس میں تھوڑا گوشت باندھ دیا۔ لالچی بلّی صورتِ حال سے بے خبر دبے پاؤں اس جگہ پہنچی جیسے ہی اس نے گوشت پر منہ مارا، گردن پھندے میں پھنس گئی۔ اتفاق سے چوہا بھی غذا کی تلاش میں سوراخ سے باہر نکل کر اِدھر اُدھر دیکھ رہا تھا یکا یک اس کی نظر بلّی پر پڑی۔ اُس کو دیکھتے ہی اس کا خون خشک ہوگیا اور آدھی جان نکل گئی۔ پھر غور سے دیکھا تو اس مصیبت میں مبتلا اور پھندے میں گرفتار پایا۔ شکاری کے لئے اس کے دل سے دعا نکلی اور اُس نے خدا کا شکر ادا کیا۔

دوسری طرف جو مڑ کر دیکھا تو ایک نیولا گھات میں بیٹھا تھا۔ درخت کے اوپر جو نظر کی تو وہاں ایک کوّا اس کی تاک میں بیٹھا تھا۔ چوہے کا دہشت وخوف سے برا حال ہوگیا۔ اُس نے دل میں سوچا کہ اگر آگے بڑھتا ہوں تو بلی پکڑ لے گی، پیچھے بھاگتا ہوں تو نیولا دبوچ لے گا اور اگر یہیں پر ٹھہرتا ہوں تو کوّا اچک لے گا۔ ان دشمنوں سے کیونکر نجات حاصل کروں اور کس حیلے سے اپنے آپ کو بچاؤں؟ کافی سوچ و بچار کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ اگر اس وقت سوائے عقل کے کوئی مددگار نہیں ہوسکتا۔ عقل ہی ہے جو خوف و دہشت سے بچا سکتی ہے اور ہر طرح کی مصیبتوں سے پناہ دے سکتی ہے۔

اس نے منصوبہ بنایا کہ اس وقت بلّی سے صلح کر لینی بہتر ہے، کیونکہ وہ بھی مصیبت میں مبتلا ہے اور میری مدد کی محتاج ہے۔ جس طرح مجھے اس کی مدد سے فائدہ پہنچ سکتا ہے اسی طرح اس کو بھی میرے تعاون سے قید سے چھٹکارا مل سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

۱۔ چوہا کن خوبیوں کا مالک تھا؟

____

____

۲۔ بلی شکاری کے جال میں کس طرح پھنسی؟

۳۔ چوہے کے خوفزدہ ہونے کی وجہ بتائیے؟

۴۔ چوہے نے اللہ کا شکر کیوں ادا کیا؟

۵۔ مصیبت سے چھٹکارا پانے کے لئے چوہے نے کیا منصوبہ بنایا؟

۶۔ عبارت کا خلاصہ تحریر کریں۔

۷۔ درج بالا عبارت میں سے دو (۲) حروف تلاش کر کے تحریر کریں۔

ا۔ ________ ۲۔ ________

۸۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔ذہین: ______________________________

۲۔صلح: ______________________________

۳۔تعاون: ______________________________

۹۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی ترجمہ تحریر کیجئے۔

۱۔شکاری: ______________

۲۔اتفاق: ______________

۳۔محتاج: ______________